TALEEMI DUNYA

Test Syllabus: Unit # 1 (1۔مرز ا محمد سعید،1۔حمد،* غزل: حسرت موہانی۔* گرائمر: حصہ الفاظ و اعراب/ حصہ صرف و نحو)

St. Name		Test	Urdu	T. Marks	50	Time	60 Min
F. Name		**Class**	**10th**	**T. Code**	**U#1**	**T. Date**	

حصہ معروضی

نوٹ:ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,CاورDدئیے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سےبھر دیجئے ۔ایک سےزیادہدائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصورہوگا۔**8**

1-	شاہد احمد دہلوی کا سبق نصاب میں شامل ہے:							
(A)	علی بخش	(B)	مرزا محمد سعید	(C)	چغل خور	(D)	ملمع	
2-	عالم کی موت کس کی موت ہوتی ہے؟							
(A)	عَالَمْ کی	(B)	آلام کی	(C)	نادان کی	(D)	شبستان کی	
3-	ریڈیو پاکستان سے پروگرام شروع کیا :							
(A)	حفیظ جالندھری نے	(B)	مرزا غالب نے	(C)	مرزا سعید نے	(D)	شاہد احمد دہلوی نے	
4-	نظم"حمد" کے مطابق یہ عالم اللہ تعالیٰ نے کس چیز سے بھر دیا ہے۔							
(A)	سردوگرم سے	(B)	خشک و تر سے	(C)	اجالے اور تاریکی سے	(D)	ان سب میں سے	
5-	بقول حسرت موہانی کونسی چیز راحت فزاء ہوگئی ہے؟							
(A)	رنج	(B)	حسرت	(C)	مصبیت	(D)	محبت	
6-	محسن کا درست تلفظ ہے:							
(A)	مُحْسَنَ	(B)	مَحْسنْ	(C)	مُحْسِنْ	(D)	مَحسُنُ	
7-	مصدر کی قسمیں ہیں:							
(A)	دو	(B)	تین	(C)	چار	(D)	پانچ	
8-	"چھتر" گرائمر کی رُو سے کیا ہے؟							
(A)	اسم ظرف	(B)	اسم مکبر	(C)	اسم آلہ	(D)	اسم صوت	

حصہ انشائیہ

سوالنمبر2 ۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ **4**

حصہ نظم : وہی ہے کائنات اور اس کی مخلوقات کا خالق
نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق

حصہ غزل: پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرت جب اس راہ کی ابتدا ہوگئی ہے

سوالنمبر3 ۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کانام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ **05**

مرزا صاحب کی علالتِ مزاج یا مرض الموت کی اطلاع اس سے پہلے کہیں سے نہیں ملی۔ حدیہ کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور اُن کے سیکڑوں دوستوں اور قدردانوں کو اس سانحہ ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔ افسوسِ! اتنا برا صاحب کمال ہم میں سے اُٹھ جائے اور اس کی سناؤ نی ہم تک پہنچے۔ کتنے بے خبر ہیں ہم کوگ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہل کمال سے غافل ہو جائیں۔

سوالنمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1) مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات کے ساتھ عزیرداری تھی؟
2) مرزا محمد سعید کی معرکتہ الآراکتاب کا نام اور مرتبہ کیا ہے؟
3) اُجالے اندھیرے اور خشک و تر کس کے مظاہرہیں؟
4) مطلع سے کیامراد ہے؟

5) سوالنمبر5: سبق" مرزا محمد سعید " کا خلاصہ لکھئے۔ **05**

6) سوالنمبر6: "قائداعظم " کا مضمون لکھیے۔ **10**

7) سوالنمبر7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

پنجاب کی حدان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ جہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس غزلی پرا یک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتا ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتا آسمان سے اولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انہیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈ نے میں لگے مگر وہاں رضائی کا گزراہ کہاں؟ سینکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے۔ جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات کے جوابات دیں۔

1) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ کس زمانے میں؟
2) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
3) "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟
4) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟ وہ لوگ جاڑے میں کیا اوڑھتے تھے؟
5) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟